بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواجہ الطاف حسین حالیؒ

انتخاب: عبدالعزیز خان طالب علم

شانِ رسالت مآب ﷺ

کھجوروں کے چھپر کے حجرے کا باسی
چٹائی پہ راتیں بسر کرنے والا
وہ اک رحمت دو جہاں اور پھر بھی
سدا نانِ جو پر گزر کرنے والا
ضلالت زدہ نوع انساں کے غم میں
مصلے کو اشکوں سے تر کرنے والا
خدا کے گنہگار بندوں کی خاطر
دعاؤں میں رو رو سحر کرنے والا
موَاخات کی بزم آراستہ ہے
وہ دیکھو مہاجر ، وہ انصار دیکھو
ہر اک نے ہر اک چیز تقسیم کر دی
محبت وہ دیکھو ، وہ ایثار دیکھو
رہا کارزار حنین و اُحد میں
کھڑا استقامت کی دیوار بن کر
پڑا امت پہ جب بھی کٹھن وقت کوئی
وہ ﷺ نکلا عساکر کا سالار بن کر
زمانے کی محفل کو جس نے سنوارا
اسے حق نے محبوب کہ کر پکارا
ہزاروں سلام اس مقدس نبی ﷺ پر
تھا ٹوٹے دلوں کا مہربان سہارا